© rasailojaraid.com

## تعارف و تبصرہ

# مُعلم عربی

### حصہ اول و دوم

### مدیر کے قلم سے

مؤلف مولانا سعید احمد عنایت اللہ

صفحات حصہ اول ۱۸۰ حصہ دوم ۳۰۰

کتابت و طباعت عمدہ

ناشر قرطبہ ٹریڈرز، سیالکوٹ

عربی مسلمانوں کی دینی و علمی زبان ہونے کی وجہ سے ہر دور میں خصوصیت کی حامل رہی ہے اور دنیا بھر میں عربی کی تعلیم و ترویج کے لیے مسلم علماء اور ادارے کوشاں رہے ہیں۔

برصغیر پاک و ہند و بنگلہ دیش میں عربی کی تعلیم و تدریس کا سلسلہ اس خطہ میں مسلمانوں کی آمد کے ساتھ ہی شروع ہو گیا تھا اور ہر دور کے ضروریات اور تقاضوں کے متعلق اہل علم نے اس مقصد کے لیے کتب و رسائل تحریر کیے ہیں جن کو جمع کیا جائے تو ایک اچھا خاصہ ذخیرہ بن جاتا ہے۔

ہمارے ہاں دینی مدارس میں رائج "درس نظامی" کے نصاب میں عربی زبان کی مہارت سے طالب علم کو بہرہ ور کرنے کے لیے صرف و نحو، ادب اور معانی و بلاغت کی جو کتابیں ایک خاص ترتیب کے ساتھ شامل کی گئی ہیں۔ قرآن و حدیث اور دیگر اسلامی علوم کے ذخیرہ ... کے لیے ان کی افادیت و ضرورت آج بھی مسلم ہے تاہم دورِ حاضر میں تعلیم کے طریق کار اور اسلوب پر سامنے آنے والے نئے رجحانات ان کتابوں کے حوالے سے نصاب تعلیم میں "تکرار اور طوالت" کے خدشے سے دوچار ہیں اور ایسی کتابوں کی ضرورت پر مسلسل زور دیا جا رہا ہے جس میں اختصار اور آسانی کے ساتھ تمام متعلقہ مسائل طلبہ کے ذہن نشین کرانے کی صورت اختیار کی گئی ہو۔

اگرچہ دینی علوم میں مہارت تامہ حاصل کرنے والے طلبہ اور علماء کے لیے یہ صورت ہمارے نزدیک "محل نظر" ہے، تاہم جو طبقہ جدید تعلیم کے ساتھ ساتھ قرآن و حدیث سے براہ راست استفادہ کی صلاحیت و استعداد فی الجملہ حاصل کرنے کا خواہش مند ہے اس کے لیے صرف و نحو کے نصاب میں "اختصار و سہولت" کی ضرورت و اہمیت سے انکار کی گنجائش نہیں ہے اور اس مقصد کے لیے اردو میں لکھی جانے والی کتابوں میں مولانا سعید احمد عنایت اللہ کی یہ کتاب بلاشبہ ایک قابل قدر اضافہ ہے۔

مولانا سعید احمد عنایت اللہ ہمارے محترم دوست ہیں۔ سیالکوٹ کے رہنے والے ہیں۔ مدرسہ صولتیہ مکہ مکرمہ میں مدرس ہیں اور دینی خدمت کے جذبہ سے سرشار ہیں۔ انہوں نے صرف و نحو کے قواعد کو آسان زبان اور سہل انداز میں مناسب ترتیب کے ساتھ جمع کر کے مشق و تمرین کے ذریعے انہیں طلبہ کے ذہنوں میں اتارنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔ اللہ پاک انہیں جزائے خیر سے نوازیں آمین یا الہ العالمین۔

قیمت کتاب پر درج نہیں ہے اسے قرطبہ ٹریڈرز سیالکوٹ نے شائع کیا ہے اور مکتبہ عزیزیہ اردو بازار لاہور سے بھی طلب کی جا سکتی ہے۔

# سیرت مجمع کمالات

از پروفیسر محمد عبدالجبار شیخ

صفحات ۳۸۰

کتابت و طباعت عمدہ

© rasailojaraid.com